کے ساتھ کی جائے۔

جواہر علوم قرآن | تصنیف: طنطاوی جوہری۔ ترجمہ: عبدالصمد صارم الازہری۔ ناشر: آزاد بک ڈپو اردو بازار۔ لاہور۔ قیمت: چار روپیہ ضخامت: ۲۴۸ صفحات۔

زیرِ نظر کتاب مصر کے مشہور فاضل علامہ طنطاوی جوہری الازہری کی کتاب "الناج المرصع بجواہر القرآن والعلوم" کا اردو ترجمہ ہے۔ علامہ طنطاوی ان علماء میں سے ہیں جنہوں نے جدید علوم کا مطالعہ کیا اور دینی علوم کو جدید انداز میں پیش کرنے کی کوشش کی۔ ان کا خاص موضوع جدید سائنسی انکشافات کو قرآن مجید کے مطابق ثابت کرنا تھا۔ یہ کتاب بھی اسی رنگ کی حامل ہے اور خاصی مقبول رہی ہے اور ہمارے ہاں فاضل عربی کے نصاب میں داخل ہے۔

مخدوم جہانیاں جہاں گشت | مرتب جناب محمد ایوب قادری۔ شائع کردہ: ادارہ تحقیق و تصنیف ۱/۳۷ وحید آباد کراچی ۱۸۔ صفحات ۴۵۴۔ قیمت مجلد سات روپے غیر مجلد ۶ روپے

پاک و ہند میں اسلام کا نور جن مقدس نفوس کے ذریعہ پھیلا اُن میں مخدوم جہانیاں جہاں گشت ایک ممتاز حیثیت رکھتے ہیں۔ یہ بزرگ بادشاہ محمد بن تغلق اور اُس کے جانشین فیروز شاہ کے ہمعصر تھے اور دونوں ان کے حلقۂ ارادت میں شامل تھے۔ ان کے حالات زندگی پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ تاریخ نے ان بزرگوں کے ساتھ انصاف نہیں کیا۔ صوفیا کے متعلق عام تاثر یہی ہے کہ یہ حضرات دنیا سے ترک تعلق کئے ہوتے تھے لیکن اسلام کی پوری تاریخ اس تاثر کی تردید کرتی ہے۔ مسلمان صوفیا کی عظیم اکثریت نے دین اور ملت اسلامیہ کی بے پناہ خدمت کی اور اپنے جوشِ عمل سے حکومت کے ایوانوں تک کو ہلا دیا۔

فاضل مصنف نے کتاب کی ترتیب و تدوین میں بڑی دیدہ وری اور عرق ریزی کا ثبوت دیا ہے۔ کتاب کے آخر میں اس کے ماخذ اور دو مکمل انڈکس بھی درج ہیں۔